
NHS

martha's rule
detecting deterioration

# مارتھاز رُول (Martha's Rule): اگر آپ کسی فرد کی بگڑتی طبیعت کے حوالے سے فکر مند ہیں

# تو ہم سے بات کریں



**آپ خود کو اور اپنے زیرِ نگہداشت افراد کو سب سے بہتر جانتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو نمودار ہونے والی معمولی تبدیلیاں نگہداشت پر مامور ٹیم سے بھی پہلے نظر آ جائیں۔ یہ تبدیلیاں صحت کی بگڑتی ہوئی حالت کی ابتدائی علامات ہو سکتی ہیں۔**

## مارتھاز رُول کیا ہے؟

ہم نے مارتھاز رُول متعارف کروایا ہے تاکہ بگڑتی طبیعت کی کسی بھی غیر متوقع علامات کو جلد شناخت کیا جا سکے۔ مارتھاز رُول آپ کو یہ استحقاق دیتا ہے کہ اگر آپ کسی فرد کی طبیعت مزید بگڑنے کے حوالے سے فکر مند ہیں تو آپ فوری جائزے کے لیے درخواست کر سکیں۔

## ہم مریضوں کی نگرانی کیسے کرتے ہیں

جب کوئی فرد اسپتال میں قیام پذیر ہوتا ہے، تو ہم باقاعدگی سے اس کا بلڈ پریشر، درجۂ حرارت اور صحت کے حوالے سے دیگر اہم پیمائشیں لیتے ہیں۔ یہ پیمائشیں کتنے تسلسل کے ساتھ لی جاتی ہیں اس بات کا انحصار اُس فرد کی انفرادی طبیعت اور ضروریات پر ہوتا ہے۔ کبھی کبھار ہمیں یہ پیمائشیں لینے کے لیے مریضوں کو جگانا پڑ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ، ہم روزانہ کم از کم ایک بار پوچھیں گے کہ وہ طبیعت بہتر محسوس کر رہے ہیں یا مزید ناساز۔ ایسا اُن کی طبیعت میں کسی بھی غیر متوقع تبدیلیوں کی نگرانی کے لیے کیا جاتا ہے۔



## آپ کا کردار انتہائی اہم ہے

بگڑتی طبیعت کی ابتدائی علامات کی نشاندہی میں ہماری مدد کرنے کے لیے، اگر آپ درج ذیل حوالوں سے پریشان ہوں تو براہ کرم ہمیں آگاہ کریں:

- درجۂ حرارت میں تبدیلیاں – زیادہ گرم یا ٹھنڈا محسوس ہونا
- جِلد میں کسی بھی قسم کی تبدیلیاں، مثلاً، پیلا پن، ریشز (یہ سیاہ یا بھوری جِلد پر ذرا مشکل سے نظر آتے ہیں)، یا چھالے یا داغ ہونا
- درد میں اضافہ ہونا
- توانائی میں کمی یا غیر معمولی نیند آنا
- پیاس محسوس کرنا یا پیشاب کم آنا
- سانس لینے کی شرح میں تبدیلیاں
- غیر معمولی دماغی گھبراہٹ
- کوئی بھی دیگر بات جو آپ کو فکرمند کرے

ہمارے اسٹاف کو ان تبدیلیوں سے آگاہ کرنا ہمیں صحت کی بگڑتی ہوئی کیفیت کی جَلد تشخیص میں مدد دے سکتا ہے تاکہ ہم صحت کو لاحق زیادہ سنگین مسائل سے بچاؤ کے لیے اقدامات کر سکیں۔

## فکرمندی کی صورت میں آپ کو کیا کرنا چاہیے

1 اپنی یا اپنے زیرِ نگہداشت فرد کی دیکھ بھال پر مامور ٹیم سے بات کریں۔

2 اگر آپ کو پھر بھی تشویش رہے اور محسوس کریں کہ نگہداشت کرنے والی ٹیم آپ کے خدشات پر توجہ نہیں دے رہی، تو فوری جائزے کے لیے کال کریں۔

فون: 07976071450

آپ کی درخواست ہمارے اسپتال کی ایک مختلف ٹیم کے پاس جائے گی، جو بہت زیادہ بیمار مریضوں کی نگہداشت میں مہارت رکھتی ہے۔ یہ ٹیم آپ اور آپ کی نگہداشت پر مامور ٹیم کے ساتھ کام کرے گی تاکہ ضروری علاج یا مزید جائزے کا بندوبست کیا جا سکے۔ یہ سروس دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن دستیاب ہے۔

## ہمارا عزم

ہم باقاعدگی سے آپ کے خیالات جانیں گے اور آپ کے خدشات کو سنجیدگی سے لیں گے۔ ہم آپ کو اپنی فراہم کردہ نگہداشت کی سروس میں ایک پارٹنر سمجھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ آپ اپنے تمام خدشات اور تشویشات کے بارے میں بات کریں۔

**مارتھاز رُول کے بارے میں مزید جاننے کے لیے یہاں اسکین کریں۔**

martha's rule
detecting deterioration

**آپ ایسا کرکے ہمیں پریشان نہیں کریں گے – ہم تو آپ کی بات سننا چاہتے ہیں۔**